سوال

آپ کے نظر میں طلاق کے اسباب کیا ہیں ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

طلاق کے اسباب بہت ہیں جن میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں :

خاوند اور بیوی کے درمیان عدم موافقت ، وہ اس طرح کہ کسی ایک کی طرف سے دوسرے کے لیے محبت نہ ہو ، یا پھر دونوں ہی ایک دوسرے سے محبت نہ کریں ۔

- عورت کا بداخلاق ہونا ، یا پھر نیکی اور بھلائی کے کاموں میں خاوند کی سمع و اطاعت نہ کرنا ۔

- خاوند کا بداخلاق ہونا اور عورت پر ظلم و زیادتی اور ناانصافی کرنا ، اور بیوی کے حقوق کی ادائیگی نہ کر سکنا ۔

- بیوی اپنے خاوند کے حقوق ادا نہ کر سکتی ہو ۔

- دونوں میں سے کسی ایک کا معصیت و گناہ میں مبتلا ہونا یا پھر دونوں ہی گناہ میں ملوث ہوں ، جس کی بنا پر ان کے حالات بگڑ جائیں ، جس کے نتیجے میں طلاق ہو جائے ۔

مثلا خاوند نشہ کا عادی ہو یا پھر سگرٹ نوش ، یا بیوی نشہ کرتی ہو اور سگرٹ نوش ہو ۔

- بیوی اور ساس سسر یا پھر ان میں سے کسی ایک کے ساتھ ہو کے معاملات خراب ہوں ، اور وہ ان کے معاملہ میں کوئی حکمت بھری سیاست نہ کر سکے ۔

- بیوی کا خاوند کےلیے صاف ستھرا اور بن سنور کر نہ رہنا اور اچھا لباس اور خوشبو استعمال نہ کرنا ، اسی طرح اچھی اور محبت بھری کلام نہ کرنا ، ہشاش بشاش چہرے سے نہ ملنا وغیرہ ۔

واللہ اعلم .

دیکھیں الفتاوی الجامعۃ للمراۃ المسلمۃ (666/2) للشیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی ۔

13243